Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

StudentBounty.com

# آؤٹ لائن آف ہوم اکنامکس - ایچ ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

## حصہ اوّل (کل نمبر:08)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) مکان کا بنیادی مقصد یہ ہے کی اس میں رہنے بسنے والے اپنے آپ کو ہر طرح سے ------------ محسوس کریں۔

الف۔ محفوظ — ب۔ آرام دہ

ج۔ آزاد — د۔ خوفزدہ

(ii) بھاری اور بڑے سائز کا فرنیچر ہمیشہ ------------ کے برابر رکھنا چاہیے۔

الف۔ دیوار — ب۔ صوفوں

ج۔ میز — د۔ کمرے

(iii) گھروں میں جلنے کے حادثات ------------ ہوتے ہیں۔

الف۔ زیادہ تر — ب۔ کبھی کبھار

ج۔ روزانہ — د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iv) وسائل و ذرائع سے مراد وہ تمام ذرائع آمدنی و وسائل ہیں جو زندگی کے فوری، کم مدت اور طویل المیعاد مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے ---------- ہیں۔

الف۔ اہم — ب۔ لازم و ملزوم

ج۔ غیر اہم — د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(v) طویل المیعاد مقاصد کا حصول ---------- ممکن ہوتا ہے۔

الف۔ ایک مدت کے بعد — ب۔ جلدی

ج۔ بہت جدوجہد سے — د۔ کبھی کبھی

(vi) شادی کے بندھن سے -------- کی ابتداء ہوتی ہے۔

الف۔ کنبہ — ب۔ سسرال

ج۔ افراد خاندان — د۔ دوستی

(vii) موروثی صلاحیتوں اور ---------- کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے۔

الف۔ ماحول — ب۔ آب و ہوا

ج۔ جسمانی نشوونما — د۔ درج شدہ تمام

(viii) بچپن کا درمیانی دور پانچ سے ------------ سال کی عمر تک ہوتا ہے۔

الف۔ تیرہ — ب۔ اٹھارہ

ج۔ پانچ — د۔ بیس

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 08 — حاصل کردہ نمبر: ☐

# آؤٹ لائن آف ہوم اکنامکس - ایچ ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کل نمبر حصہ دوم اور سوم: 32

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم کے پانچ (05) اجزاء اور حصہ سوم میں سے کوئی سے دو (2) سوال حل کریں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 20)

**سوال نمبر۲: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ (05) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں:** (5 x 4 = 20)

(i) نشو ونما کے ابتدائی مدارج کے نام لکھیے۔

(ii) آپس میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے کے لیے آپ اپنے بہن بھائیوں کی مدد کس طرح کریں گی؟

(iii) اقدار سے کیا مراد ہے؟

(iv) مادی وسائل و ذرائع کون سے ہیں؟

(v) گھر سے کیا مراد ہے؟

(vi) ڈیزائن کی اقسام کے نام لکھیں۔

(vii) ڈیزائن کے کوئی سے تین عناصر کے نام لکھیں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 12)

**(کوئی سے دو سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔)** (2 x 6 = 12)

سوال نمبر۳: متعدی جراثیم دور کرنے کے طریقے لکھیے۔

سوال نمبر۴: فرنیچر کی ترتیب کرتے وقت کن بنیادی نکات کو مدِ نظر رکھنا چاہیے؟

سوال نمبر۵: طبی امداد کی کِٹ سے کیا مراد ہے؟ اس میں کن اشیاء کا موجود ہونا ضروری ہے؟



StudentBounty.com 2011